بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# اکاؤنٹ میں ایک ہزار روپے رکھنے پر فری منٹس ملنے کا حکم

**سوال:**

محترمی ومکرمی متکلم اسلام مولانا محمد الیاس گھمن حفظہ اللہ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

عرض ہے کہ موبی کیش اکاؤنٹ میں 1000 روپے رکھنے پر 20 منٹ مفت ملتے ہیں جبکہ پیسے نکلوانے کے وقت 20 روپے کی کٹوتی بھی ہوتی ہے۔ کیا یہ منٹ استعمال کرنا جائز ہے؟

**سائل:** ظہیر احمد برڑو، سندھ

**جواب:**

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

اکاؤنٹ میں رکھی گئی رقم قرض ہے اور قرض کے عوض کوئی بھی فائدہ اٹھانا سود ہے جو کہ سراسر حرام ہے۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

كُلُّ قَرْضٍ جَرَّ مَنْفَعَةً فَهُوَ رِبًا.

(اتحاف الخیرہ المہرۃ للبوصیری: رقم الحدیث 2937)

ترجمہ: ہر وہ قرض جس سے نفع حاصل کیا جائے تو یہ نفع سود ہے۔

اس لیے ان روپوں کے بدلے میں ملنے والے فری منٹس، ایم بیز یا ایس ایم ایس وغیرہ کا استعمال کرنا جائز نہیں۔

**واللہ اعلم بالصواب**

محمد الیاس گھمن

**13-مارچ 2021ء**